## AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY

**A**

**Bill**

*To promote, protect and effectively ensure the independence, impartiality, safety and freedom of expression of journalists and media professionals.*

WHEREAS it is the responsibility of the State to safeguard the right to freedom of expression, as contained in Article 19 of the Constitution of Pakistan, 1973, as well as in Article 19 of the International Covenant on Civil and Political Rights (ICCPR), which includes the freedom to seek, receive and impart information and ideas of all kinds, regardless of frontiers, either orally, in writing or in print, in the form of art, or through any other media;

AND WHEREAS it is the requirement of any democratic society to instill a strong culture of safety and independence of journalists, taking into consideration specific attacks on journalists and media professionals;

AND WHEREAS it is expedient to establish a legal and institutional framework for the protection and promotion of the rights of journalists and media professionals;

It is hereby enacted as follows:-

### PART I
### PRELIMINARY

1. **Short title, extent and commencement.** – (1) This Act may be called the Protection of Journalists and Media Professionals **Act, 2021.**

   (2) It shall extend to the whole of Pakistan.

   (3) It shall come into force at once.

2. **Definitions.** – In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context, -
   (a) **"Act"** shall mean the Protection of Journalists and Media Professionals Act, 2020;
   (b) **"Authority"** means the Authority established under the Legal Aid and Justice Authority Act, 2020;
   (c) **"Commission"** means the Independent Commission for the Protection of Journalists and Media Professionals, constituted under Section 12 of this Act;
   (d) **"Compensation"** means grant/donation/compensatory relief in terms of money to be provided from federal and respective provincial funds/ programs/schemes, in case of a journalist's accidental death/injury while performing his/her duties;
   (e) **"Constitution"** means the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan;
   (f) **"Federal Ombudsman"** means the Ombudsman established under the Harassment Against Women at Workplace Act, 2012;
   (g) **"Government"** means the Federal Government;
   (h) **"Harassment"** means any unwelcome sexual advance, or request for sexual favours or other verbal or written communication, or physical conduct of a sexual nature or sexually demeaning attitudes, that causing interference with work

performance or creating an intimidating, hostile or offensive work environment, or the attempt to punish the complainant for refusal to comply to such a request or is made a condition for employment;

(i) **"Journalist"** means any person who is registered and accredited with respective Press Information Departments and is professionally or regularly engaged by a newspaper, magazine, news website or other news broadcast medium (whether online or offline), or any person working for any newspaper, magazine, news website or other news broadcast medium;

(j) **"Media professional"** includes any other person regularly or professionally engaged in the collection, processing and dissemination of information to the public via any means of mass communication, including cameraperson and photographers, technical supporting staff, drivers and interpreters, editors, translators, publishers, broadcasters, printers and distributors;

(k) **"Media owner"** means the owner of a media house or agency which collects and disseminates consumers news, features, comments, photographs and graphics through any means of communications;

(l) **"Non-journalist"** means a person who is employed mainly in a managerial or administrative capacity in a media organization, or is being employed there in a supervisory capacity, performs, either by the nature of the duties attached to his office or by reason of the powers vested in him, functions mainly of a managerial / administrative nature.

(m) **"Sources"** mean any book, publication, person or organization that discloses information forming the substance/subject of work undertaken by any journalist, reporter or media professional;

(n) **"Schedule"** means a Schedule to this Act.

## PART II
## RIGHTS OF JOURNALISTS AND MEDIA PROFESSIONALS

3. **Right to life and protection against ill-treatment.** – (1) The Government shall ensure that every journalist and media professional's right to life and security of person, as contained in Article 9 of the Constitution, is safeguarded, and that no such individual is subjected to ill-treatment.

(2) No person or institution, whether private or public, shall engage in any act that violates the right to life and security of any journalist or media professional.

(3) In order to maintain the independence, impartiality and freedom of journalists and media professionals, the Government shall take steps to ensure that existing or future counter-terrorism or national security laws are not utilized arbitrarily to hinder the work and safety of journalists and media professionals, including through arbitrary arrest or detention, or the threat thereof.

(4) The Government shall ensure that effective measures are taken to protect journalists and media professionals against forced or involuntary disappearances, kidnapping, abduction or other methods of coercion.

(5) The Government shall ensure that journalists and media professionals are allowed to carry out their journalistic work in conflict-affected areas within the country, without threats, intimidation, harassment or fear of persecution or targeting.

(6) If the Commission finds that any institution or organization is, directly or indirectly, involved in violating, or attempting to violate, the rights to life and protection against ill-treatment safeguarded in subsection (1) above, it shall report the same to the Federal Government and recommend appropriate course of action against the perpetrator(s) of these violations.

4. **Right to privacy and non-disclosure of sources.** – (1) Each journalist and media professional shall have the right to privacy, which includes protection of the law against interference with his/her home, correspondence, family.

(2) The Government shall protect all journalists and media professionals from unlawful or arbitrary interferences with their right to privacy.

(3) The Government shall ensure that its laws, policies and practices respect the right to privacy of journalists and media professionals and that these laws, policies and practices do not force, induce, compel, coerce or threaten the disclosure of sources and such disclosures should only be made subject to law.

(4) The confidentiality of sources, of journalists or media professionals, shall be safeguarded by the Government, in law and in practice.

5. **Independence in the performance of duties.** – (1) No journalist or media professional shall be subjected to any unlawful or arbitrary restrictions on their ability to perform their work independently, and without undue interference.

(2) Any restriction on the right to freedom of expression of journalists or media professionals **must be in accordance with the existing laws**, and must only be imposed if it is necessary for respect of the rights or reputations of others, or if such restriction is levied against material that advocates national, racial or religious hatred that constitutes incitement to discrimination, hostility or violence.

(3) Any restriction imposed under Section 5(2) of this Act must:
(i) be easily accessible to the public;
(ii) comply with the principles of legality, necessity and proportionality; and
(iii) be formulated with sufficient precision to enable a journalist, reporter or media professional to adjust his or her conduct accordingly.

6. **Good faith obligation of journalists and media professionals.** – No journalist or media professional shall engage in the dissemination of material known by such an individual to be false or untrue.

7. **Protection from abusive, violent and intolerant behaviour.** – (1) The Government shall take all steps to protect journalists and media professionals from all forms of abuse, violence and exploitation at the hands of any person, institution (private or public) or authority.

(2) Whenever any act of abuse, violence or intolerant behaviour is committed against any journalist, reporter or media professional, whether perpetrated by a private or public person, institution or authority, information concerning such act shall be, within a period of fourteen (14) days, the aggrieved journalist or media professional

shall file a complaint against the same before the Commission created under section 12 of the Act.

(3) Upon receipt of information identified in Section 7(2) of this Act, the Commission shall, within a period of fourteen (14) days, take all necessary actions to investigate and prosecute such acts of abuse, violence or intolerant behaviour, and to take appropriate measures under law to provide protection to the concerned journalist, reporter or media professional in the manner prescribed under this Act.

8. **Protection against harassment.** - (1) The Government shall ensure that every journalist, reporter and media professional is protected against harassment, as defined in Section 2(h) of this Act.

(2) Whenever any act of harassment is committed against any journalist or media professional, whether perpetrated by a private or public person, institution or authority, information concerning such act shall be, within a period of fourteen (14) days, the aggrieved journalist may file a complaint against such act of harassment before the Federal Ombudsman or any other relevant authority under the Act.

(3) Upon receipt of information identified in Section 8(2) of this Act, the Federal Ombudsman or the relevant authority shall, within a period of fourteen days, take all necessary actions to investigate and prosecute such acts of harassment, and to take appropriate measures under the law to provide protection to the concerned journalist, reporter or media professional.

## PART III
## TRAINING AND INSURANCE

9. **Institution of the Journalists Welfare Scheme.** – (1) The provision of adequate training and guarantee of insurance will be governed in accordance with this provision, under the "Journalists Welfare Scheme".

(2) Compliance with the requirements of the Scheme, established pursuant to subsection (1) of Section 9 of this Act, shall be the responsibility of each media owner.
(3) The operation of the Journalists Welfare Scheme shall be governed under Schedule I of this Act.
(4) The Journalists Welfare Scheme requires each Media Owner to produce a comprehensive, written safety policy and protocols for journalists and media professionals

## PART IV
## INVESTIGATION AND REDRESS

10. **Obligation to investigate, prosecute and penalize threats, coercion, acts of violence and abuse of journalists, and media professionals.**

(1) Where any person acts in a threatening, coercive, abusive or violent manner, or conspires to act in a threatening, coercive, abusive or violent manner, or aids and abets a threatening, coercive, abusive or violent act with the intent to undermine

the integrity and independence of journalists and media professionals, such acts may be reported to the Commission.

(2) The Commission shall take appropriate steps to ensure accountability for such acts by conducting impartial, prompt, thorough, independent and effective investigations into all such reports.

The Commission may set up an advisory committee to determine whether the complaint should be taken up or not.

(3) Following the required investigations under section 10(2) of the Act, the Commission shall ensure that all perpetrators are prosecuted and simultaneously ensure that the aggrieved journalists have access to adequate and effective remedies.

Provided that if a journalist cannot afford access to legal aid the Commission may refer the case of the aggrieved journalist to the Authority who shall ensure free of cost legal aid to the victim.

**11. Combating impunity.**

(1) No threatening, coercive, abusive or violent act, committed against journalists or media professionals, shall be exempt from immediate and effective investigation and prosecution.

(2) The Government shall develop and implement strategies for combating impunity for those engaging in conduct mentioned in section 11(1) of this Act, particularly with regard to the following:

i. Monitoring and conducting investigations into cases reported by journalists, media professionals, their families or civil society organizations working on journalists' protection;

ii. Coordinating policy and action between relevant government authorities;

iii. Ensuring the participation of journalists, and media professionals, and/or their families, in processes aimed at guaranteeing their protection and safety.

(3) The Government will implement best practices provided for in the United Nations Plan of Action on Safety of Journalists and the Issue of Impunity.

## PART V
## ESTABLISHMENT OF THE INDEPENDENT COMMISSION FOR THE PROTECTION OF JOURNALISTS AND MEDIA PROFESSIONALS

**12. Establishment of a Commission for the Protection of Journalists and Media Professionals.**

(1) The Federal Government shall constitute an independent commission to be known as the Commission for the Protection of Journalist and Media Professionals (CPJMP) to exercise the powers and perform the functions under this Act.

(2) The Commission shall consist of:

i. A Chairperson, who has demonstrable knowledge of, or practical experience of minimum twenty years in, matters relating to law, justice and human rights;
ii. Four members nominated by the Pakistan Federal Union of Journalists (PFUJ), one member from each Province of Pakistan;
iii. One member who is a representative of the National Press Club (NPC) and one representative from each provincial press club, as nominated by the clubs respectively;
iv. One representative of the Ministry of Human Rights, as nominated by Ministry of Human Rights (ex officio); and
v. One representative of Ministry of Information and Broadcasting not less than the rank of Joint Secretary (ex-officio).

(3) The Commission may co-opt any person having demonstrable knowledge of, or practical experience in, matters relating to journalism as a member.

**13.Appointment of Chairperson**

(1) The Ministry of Human Rights in consultation with Ministry of Information and Broadcasting shall, invite suggestions by the press for a judge and nominate a panel of experts for appointment as Chairperson of the Commission and, after proper scrutiny, shall submit a list of three persons to the Federal Government.

(2) The Federal Government shall appoint a Chairperson from the names submitted by the Ministry of Human Rights.

**14.Term of office of the Chairperson and members.**

(1) A person appointed as Chairperson or a member shall hold office initially for a term of two years from the date on which he/she enters upon his/her office extendable for another two years.

Provided that the term of the office may be extended once.

(2) The Chairperson or a member may resign from his/her office in writing under his/her hand addressed to the President and on acceptance of the resignation; such vacancy shall be filled within 30 days.

**15.Removal of the Chairperson and members.** – The Chairman and members may be removed from office by the Federal Government if they are found to be:

a) guilty of misconduct; or
b) guilty of unsatisfactory performance; or
c) unfit to continue in office by reason of being mentally or physically challenged and stands so declared by a competent medical authority; or
d) convicted of any offence involving moral turpitude been sentenced to imprisonment for a term of not less than two years

Provided that the Federal Government may remove the Chairperson or members on any one of the grounds listed above.

**16. Terms and conditions of service of members including Chairperson.** - The salaries and allowances payable to, and terms and conditions of service of the members,

shall be such as may be prescribed by the Federal Government in consultation with the Independent Commission.

Provided that neither the salary and allowances nor the terms and conditions of service of a member shall be varied to his/her disadvantage after the appointment.

## PART VI
## MANAGEMENT AND PROCEDURES OF THE COMMISSION

**17. Functions of the Independent Commission.** – (1) The Commission shall perform all or any of the following functions, namely:-

(a) On a petition presented to it by an aggrieved journalist, reporter or other media professional or any person on his/her behalf, inquire into complaints of –

(i) Threats or acts of torture, killing, violent attacks, forced disappearance, arbitrary arrest, arbitrary detention and harassment; or

(ii) Negligence in the prevention of such violations, as listed in Part II of this Act, by a public servant.

(b) Produce an annual report on the state of media freedom and safety to be tabled before the Parliament, through the Ministry of Human Rights, and submit any other independent reports, as and when considered necessary, to the Ministry of Human Rights.

(c) Determine whether an affected journalist is eligible for compensation and recommend the case of compensation to a victim Journalist or their legal heirs in case of their having been killed to a notified officer under any provincial compensatory framework already established by the provincial and Federal governments.

**18. Procedure of the Independent Commission.** – (1) The Commission shall regulate its own procedure.

(2) All decisions, directions and orders of the Commission shall be duly authenticated by the Chairperson of the Commission or by any other member of the Commission duly authorized by the Chairperson in this behalf.

(3) The quorum for a meeting of the Commission shall not be less than one-half of the total membership of the Commission.

(4) The Commission shall take decisions in accordance with the views of the majority of its members present and, in case of a deadlock, the member presiding the meeting shall have a casting vote.

**19. Inquiry into complaints.** – The Commission, while inquiring into complaints by a journalist, media professional or other duly authorized individual on behalf of such journalist or media professional, may call for information from the Federal Government, a Provincial Government, the intelligence agencies or any other authority or organization, subordinate thereto, within such time as may be specified by it.

Provided that if the information or report is not received within the time stipulated by the Commission, it may proceed to inquire into the complaint on its own.

**20. Powers relating to inquiries.** – (1) The Commission shall, while inquiring into complaints under this Act, have all the following powers of a civil court trying a suit under Code of Civil Procedure, 1908, in respect of the following matters namely:-

(a) summoning and enforcing the attendance of witnesses and examining them under oath;
(b) discovery and production of documents;
(c) receiving evidence on affidavits;
(d) issuing commissions for the examination of witnesses or documents; and
(e) any other matter which may be prescribed.

(2) The Commission shall be deemed to be a civil court to the extent that is described in sections 175, 178, 179, 180 and 228 of the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860). If any of the offences listed above are committed in the view or presence of the Commission, the Commission shall, after recording the facts constituting the offence and the statement of the accused as provided for in the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898), forward the case to a Magistrate having jurisdiction to try the same and the Magistrate to whom any such case is forwarded shall proceed to hear the complaint against the accused as if the case has been forwarded to him under section 346 of the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898).

(3) Every proceeding before the Commission shall be deemed to be a judicial proceeding within the meaning of sections 193, 196 and 228 of the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860).

## PART V
## MISCELLANEOUS

**21. Indemnity Clause:-** No suit, prosecution or other legal proceeding shall lie against the members of the Commission or its officers for anything done in his / her official capacity which is done in good faith or intended to be done under this Act or the rules, instructions or directions made or issued hereunder.

**22. Application of the Act.** – The provisions of this Act shall be complied with and implemented equally in times of armed conflict, internal conflict and during peacetime.

**23. Removal of difficulties.** – If any difficulty arises in giving effect to any of the provisions of this Act, the Government may make such order, not inconsistent with the provisions of this Act, as may appear to be necessary, for the purpose of removing the difficulty.

## SCHEDULE I

### Journalists Welfare Scheme

Part A: Obligation to Insure

(1) Media owners have a legal obligation to provide life and health insurance coverage to each journalist or media professional, provided the journalist or media professional satisfies any of the following criteria:
   (a) Has a long-term contract (for any period exceeding one year) with the media house;
   (b) Has entered into a short-term contract (for any period under one year) with the media house; or
   (c) Has been employed to work in a dangerous location even where no contract exists.

Part B: Obligation to Provide Adequate and Effective Training

(1) Each journalist or media professional shall receive mandatory/compulsory safety training, based on mandatory written policies and protocols, including safety protocols of the Media House:
   (a) Within the first month of recruitment; and
   (b) Prior to engaging in any reporting or journalistic work in any location.

(2) The safety training mentioned in Section (1) of Part B of this Schedule is to be provided free-of-cost by media owners.

(3) For journalists and media professionals in dangerous locations, intensive training must be provided free-of-cost by media owners to ensure:
   (a) Awareness of risks associated with their profession in the particular location;
   (b) Understanding of the safety rules and procedures that must be observed;
   (c) Effective capacity building of journalists, and media professionals in the following areas:
      (i) Health and Environmental Hazards Training (HEHT);
      (ii) Avoidance, Deterrence and Escape Training (ADET); and
      (iii) Kidnapping and Crises Responses Training (KCRT).

## Statement of Objects and Reasons

The Committee for the Protection of Journalists estimates that between 1992 and 2019, at least 61 journalists were killed in Pakistan. In addition to acts of violence that result in the loss of lives of journalists, and media professionals, there are equally serious concerns pertaining to acts of intimidation, harassment and coercion of journalists not just in Pakistan but around the globe.

In accordance with Pakistan's Constitution, as well as its international legal commitments the State of Pakistan has a responsibility to secure the right to freedom of expression within its territory. The protection and promotion of the rights of journalists, and media professionals is central to the safeguarding of the right to freedom of expression. In fact, the International Federation of Journalists has emphasized, "the work of a free, independent and impartial press constitutes one of the basic foundations of a democratic society".

There is, therefore, an urgent need to ensure accountability for all forms of threats, coercion and violence against journalists, and media professionals. Ensuring accountability in this regard has the additional objective of deterring/preventing future threats and/or attacks against journalists, and media professionals, by actively investigating, prosecuting and punishing such acts that effect all media professionals and the right of all persons to enjoy their right to freedom of opinion and expression.

**(Dr. Shireen M. Mazari)**

# صحافیوں اورمیڈیا پیشہ وروں کی آزادی، غیر جانبداری اور آزادی اظہار کو فروغ دینا، تحفظ دینا اور موثر طور پر یقینی بنانے کا بل

ہر گاہ کہ یہ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ آئین پاکستان ۱۹۷۳ء کے آرٹیکل ۱۹ میں نیز سول و سیاسی حقوق کے بین الاقوامی معاہدے (ICCPR) کے آرٹیکل ۱۹ میں شامل ہے کہ آزادی اظہار رائے کے حق کا تحفظ کرے۔ جس میں معلومات اور ہر طرح کے خیالات، سرحدوں سے ماوراء، خواہ زبانی، تحریری یا پرنٹ کی صورت میں ہوں، آرٹ کی شکل میں ہوں یا کسی بھی دیگر ذرائع سے ہوں کی تلاش کرنے، وصول کرنے اور ابلاغ کرنے کی آزادی شامل ہے؛

اور چونکہ کسی بھی جمہوری معاشرے کی یہ مقتضیات ہے کہ صحافیوں کے تحفظ اور آزادی کا ایک مضبوط ثقافت کو قائم کرے، صحافیوں اور میڈیا کے پیشہ وروں پر حملوں کو خصوصاً ذہن میں رکھتے ہوئے؛

اور چونکہ صحافیوں اور میڈیا پیشہ وروں کے حقوق کے تحفظ اور فروغ کے لئے قانون اور ادارہ جاتی فریم ورک کا قیام قرین مصلحت ہے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

## حصہ اول ابتدائیہ

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ:۔** یہ ایکٹ صحافیوں اور میڈیا پیشہ وروں کے تحفظ کا ایکٹ ۲۰۲۰ء کے نام سے موسوم کیا جا سکے گا۔

۲۔ یہ تمام پاکستان میں وسعت پذیر ہوگا۔

۳۔ یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات:۔** ایکٹ ہذا میں، بجز اس کے کہ موضوع یا سیاق میں شامل کوئی امر اس کے منافی نہ ہو،۔۔۔

(الف) ''ایکٹ'' سے مراد صحافیوں اور پیشہ وروں کے تحفظ کا ایکٹ ۲۰۲۰ء ہوگا؛

(ب) ''اتھارٹی'' سے مراد قانونی مدد اور انصاف اتھارٹی ایکٹ ۲۰۲۰ء کے تحت قائم کردہ اتھارٹی ہے؛

(ج) ''کمیشن'' سے مراد اس ایکٹ کی دفعہ ۱۲ کے تحت تشکیل کردہ صحافیوں اور میڈیا پیشہ وروں کے تحفظ کے لئے آزاد کمیشن ہے؛

(د) ''معاوضہ'' سے مراد وفاقی اور متعلقہ صوبائی فنڈز پروگرام اور اسکیموں کی جانب سے فراہم کردہ رقم کی صورت میں صحافی کی، اس کے راس کی فرائض کی ادائیگی کے دوران حادثاتی موت رزخمی ہونے کی صورت میں عطیہ، چندہ، امدادی معاوضہ ہے۔

(ہ) ''دستور'' سے مراد اسلامی جمہوریہ پاکستان کا دستور ہے؛

(و) ''وفاقی محتسب'' سے مراد مقام کار پر خواتین کو حراساں کرنے کے خلاف ایکٹ ۲۰۱۲ء کے تحت قائم کردہ محتسب ہے؛

(ز) ''حکومت'' سے مراد وفاقی حکومت ہے؛

(ح) ''ہراساں کرنا'' سے مراد ناپسندیدہ جنسی پیش رفت یا جنسی حمایت کے لئے درخواست یا قابل اعتراض رویہ، دیگر زبانی، بصری یا تحریری مواصلات، یا جنسی نوعیت کا جسمانی رویہ یا بدتہذیبی جنسی رویہ ہے جس میں جاری کرنے والے توہین امیز اشارے، کوئی بھی اشارے یا اظہار جو کام کی کارکردگی میں مداخلت کی وجہ بنے یا دھمکی آمیز، یا مخالف یا جارحانہ کام کا ماحول پیدا کرنا یا ایسی درخواست کی تعمیل کے انکار پر شکایت کنندہ کو سزا دینے کی کوشش کرنا یا ملازمت کے لئے شرط کا لگایا جانا شامل ہے؛

(ط) ''صحافی'' سے مراد کوئی شخص جو پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ رجسٹرڈ ہو اور تسلیم شدہ ہو اور اخبار، میگزین، نیوز ویب سائیٹ یا دیگر نیوز براڈ کاسٹ میڈیم (آیا کہ آن لائن ہو یا آف لائن ہو کے ساتھ پیشہ ور کے طور پر یا باقاعدہ طور پر منسلک ہو یا کوئی شخص جو کسی اخبار، میگزین، نیوز ویب سائیٹ یا دیگر نیوز براڈ کاسٹ میڈیم کے لئے کام کرتا ہو؛

(ی) ''میڈیا پیشہ ور'' میں کوئی بھی شخص شامل ہے جو کسی ذرائع ابلاغ کے ذریعے عوام کو معلومات کے جمع کرنے، پروسیسنگ اور پہنچانے میں باضابطہ طور پر یا پیشہ ور کے طور پر منسلک ہو،

جس میں کیمرہ پرسن اور فوٹو گرافر، ٹیکنیکل امدادی عملہ، ڈرائیور اور تعبیر و تشریح کرنے والے ایڈیٹرز، ٹرانسلیٹرز، پبلشرز، براڈ کاسٹرز، پرنٹرز اور ڈسٹری بیوٹرز شامل ہیں؛

(ک) ''میڈیا مالک'' سے مراد میڈیا ہاؤس یا ایجنسی کا مالک ہے جو کسی ذرائع ابلاغ کے ذریعے کنزیومر نیوز، فیچرز، کمنٹس، تصویریں اور گرافکس جمع کرتا ہے اور پہنچاتا ہے؛

(ل) ''غیر صحافی'' سے مراد شخص جو میڈیا تنظیم میں خاص طور پر انتظامی یا انصرامی صلاحیت کی ملازمت کرے یا وہاں نگرانی صلاحیت کی ملازمت کر رہا ہو آیا کہ اس کے عہدے سے منسلک اس کے فرائض کی نوعیت کی جانب سے یا اس کو تفویض کردہ اختیارات کی وجوہات کی بناء پر خاص طور پر انتظامی/انصرامی نوعیت کے فرائض سرانجام دیتا ہو؛

(م) ''ذرائع'' سے مراد کوئی کتاب، اشاعت، شخص یا تنظیم ہے جو کسی صحافی، رپورٹر یا میڈیا پیشہ ور کی جانب سے دیئے گئے کام کا مواد/موضوع تیار کرنے کے لئے معلومات فراہم کرے؛

(ن) ''جدول'' سے مراد اس ایکٹ کا جدول ہے؛

## حصہ دوم

## صحافیوں اور میڈیا پیشہ وروں کے حقوق

**۳۔ حق زندگی اور خراب سلوک کے خلاف تحفظ:۔** (۱) حکومت یقین دہانی کرائے گی کہ ہر صحافی اور میڈیا پیشہ ور کا حق زندگی اور شخصی تحفظ، جیسا کہ دستور کے آرٹیکل ۹ میں شامل ہے، کی حفاظت ہے اور کوئی بھی فرد برے سلوک سے مشروط نہ ہے۔

(۲) کوئی شخص یا ادارہ، آیا کہ نجی ہو کہ سرکاری، کسی ایسی کارروائی میں منسلک نہ ہوگا جو کسی صحافی یا میڈیا پیشہ ور کی حق زندگی اور حفاظت کی خلاف ورزی کرے۔

(۳) صحافیوں اور میڈیا پیشہ وروں کی خودمختاری اور آزادی کو قائم رکھنے کے لئے، حکومت یقین دہانی کروانے کے لئے اقدامات کرے گی کہ موجودہ یا مستقبل کے انسداد دہشت گردی یا حفاظت کے قوانین کو صحافیوں اور

میڈیا پیشہ وروں کے کام اور حفاظت کو روکنے کے لئے اپنی مرضی سے استعمال نہ کیا جائے، جس میں اپنی مرضی سے انکو گرفتار کرنا، حبس بے جا میں رکھنا یا دھمکی دینا شامل ہے۔

(۴) حکومت یقین دہانی کرے گی کہ جبری یا غیر رضا کارانہ غائب کرنے، اغواء کرنے، اٹھائے جانے یا دیگر زبردستی کرنے کے طریقہ کار کے خلاف صحافیوں اور میڈیا پیشہ وروں کو تحفظ دینے کے لئے موثر اقدامات کرے۔

(۵) حکومت یقین دہانی کرے گی کہ صحافیوں اور میڈیا پیشہ وروں کو ملک کے اندر تنازعہ سے متاثرہ علاقوں میں دھمکیاں دینے، ڈرانے، ہراساں کرنے یا کارروائی کے خوف یا نشانہ بنائے بغیر اپنے صحافتی کام کرنے کی اجازت دی جائے۔

(۶) اگر کمیشن کو پتہ چلے کے کوئی ادارہ یا تنظیم، متذکرہ بالا ذیلی دفعہ (۱) میں حق زندگی اور برے سلوک کے خلاف تحفظ کی حفاظت کی خلاف ورزی کرنے یا خلاف ورزی کرنے کی کوشش کرنے میں بلواسطہ یا بلا واسطہ شامل ہو تو یہ ایسے ہی وفاقی حکومت کو مطلع کرے گا اور خلاف ورزی کے مجرمان کے خلاف کارروائی کرنے کے مناسب طریقے کی سفارش کرے گا۔

۴۔ **راز داری اور ذرائع کا عدم انکشاف کرنے کا حق:۔** (۱) ہر صحافی اور میڈیا پیشہ ور کو حق راز داری حاصل ہوگا جس میں اس کا اس کے گھر، خط و خطابت، کنبہ کے ساتھ مداخلت کے خلاف قانون کا تحفظ شامل ہے۔

(۲) حکومت تمام صحافیوں اور میڈیا پیشہ وروں کو ان کے اپنے حق راز داری میں غیر قانونی یا اپنی مرضی سے مداخلت کرنے کے خلاف تحفظ دے گی۔

(۳) حکومت یقین دہانی کرے گی کہ یہ قوانین، حکمت عملیاں اور طریقہ کار صحافیوں اور میڈیا پیشہ وروں کے حق راز داری کا احترام کریں اور یہ کہ یہ قوانین حکمت عملیاں اور طریقہ کار، ذرائع افشاں کرنے کے لئے جبر، زور، مجبور، بوجھ یا دھمکی نہیں دیں گے اور ایسے انکشافات صرف قانون کے تابع ہوں گے۔

(۴) صحافیوں اور میڈیا پیشہ وران کے ذرائع کی راز داری کو حکومت کی جانب سے قانون اور عمل میں تحفظ دیا جائے گا۔

۵ **فرائض کی ادائیگی میں آزادی:۔** (۲) کسی بھی صحافی یا میڈیا پیشہ وران اپنے آزادانہ کام

کی ادائیگی کرنے کی قابلیت پر کسی بھی غیر قانونی یا اپنی مرضی سے شرائط اور بلا غیر ضروری مداخلت کے تابع نہیں کیا جائے گا۔

(۲) صحافیوں اور پیشہ وران کے حق آزادی، اظہار پر کوئی بھی پابندی موجودہ قوانین کی مطابقت میں ہوگی اور صرف اس وقت عائد کی جائے گی اگر یہ دوسروں کے حق اور شہرت کے احترام کے لئے ضروری ہو یا اگر پابندی ایسے مواد کے خلاف عائد کی جائے جو قومی، نسلی یا مذہبی نفرت کو جنم دے کی وکالت کرے جو امتیاز، وحشت یا تشدد کو بھڑکائے۔

(۳) اس ایکٹ کی دفعہ ۵ (۲) کے تحت عائد کردہ کوئی بھی پابندی:

(اول) عوام تک رسائی آسانی سے ہونی چاہیے۔

(دوم) قانونیت، ضرورت اور تناسب کے اصولوں کے ساتھ تعمیل ہونی چاہیے؛ اور

(سوم) مناسب درستگی کے ساتھ صحافی رپورٹر یا میڈیا پیشہ ور کو قابل بنانے کے لئے اس کے راس کی باقاعدہ کام کرنا۔

**۶۔ صحافیوں اور میڈیا پیشہ وران کی نیک نیتی کے فرائض:۔** کوئی بھی صحافی یا میڈیا پیشہ ور کسی ایسے مواد کی فراہمی سے منسلک نہ ہوگا جس کے جھوٹے یا جعلی ہونے کے بارے میں ایسے فرد کو علم ہو۔

**۷۔ گالی گلوچ، تشدد اور عدم برداشت کا رویہ:۔** (۱) حکومت کسی شخص، ادارے، (نجی یا سرکاری) یا اتھارٹی کے ہاتھوں تمام اقسام کی گالی گلوچ، تشدد اور استحصال سے صحافیوں اور میڈیا پیشہ وروں کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے تمام اقدامات کرے گی۔

(۲) جب بھی کسی صحافی، رپورٹر یا میڈیا پیشہ ور کے خلاف کسی گالی گلوچ، تشدد یا عدم برداشت کے رویہ کا عمل کیا جائے چاہئے نجی یا سرکاری شخص، ادارے یا اتھارٹی کی جانب سے مرتکب کیا گیا ہو تو متعلقہ معلومات کے ایسے عمل کو متاثرہ صحافی یا میڈیا پیشہ ور چودہ ایام کے عرصے کے اندر، اس ایکٹ کی دفعہ ۱۲ کے تحت قائم کردہ کمیشن کے روبرو ایسی شکایات درج کروائے گا۔

(۳) اس ایکٹ کی دفعہ ۷ (۲) میں شناخت کردہ معلومات کے موصول ہونے پر کمیشن ۱۴ ایام کے اندر ایسی گالی گلوچ، تشدد اور عدم برداشت کے عمل کے خلاف تفتیش کرنے اور قانونی کارروائی کرنے کے لئے تمام ضروری اقدامات کرے گی، اور اس ایکٹ کے تحت مجوزہ طریق میں متعلقہ صحافی، رپورٹر یا میڈیا پیشہ ور کو تحفظ فراہم کرنے کے

قانون کے تحت مناسب اقدامات کرے گی۔

**۸۔ ہراساں کرنے کے خلاف تحفظ:۔** (۱) حکومت یقین دہانی کروائے گی کہ، ہر صحافی، رپورٹر اور میڈیا پیشہ ور کو، جیسا کہ اس ایکٹ کی دفعہ ۲ (ح) میں بیان کیا گیا ہے ہراساں کیا جانے کے خلاف تحفظ فراہم کرے۔

(۲) جب کبھی کسی بھی صحافی یا میڈیا پیشہ ور کے خلاف، ہراساں کیئے جانے کا ارتکاب کیا جائے چاہے نجی یا سرکاری شخص، ادارے یا اتھارٹی کی جانب سے مرتکب کیا گیا ہوتو تو متعلقہ معلومات کے ایسے عمل کو متاثرہ صحافی ایسے ہراساں کیئے جانے کے عمل کے خلاف وفاقی محتسب یا اس ایکٹ کے تحت متعلقہ دیگر اتھارٹی کے روبرو ۱۴ ایام کے اندر شکایت درج کروائے گا۔

(۳) اس ایکٹ کی دفعہ ۸ (۲) میں شناخت کردہ معلومات کے موصول ہونے پر، وفاقی محتسب ۱۴ ایام کے اندر ایسے ہراساں کرنے کے عمل، تفتیش اور قانونی کارروائی کرنے کے لئے تمام ضروری اقدامات کرے گا اور اس ایکٹ کے تحت متعلقہ صحافی، رپورٹر یا میڈیا پیشہ ور کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے مناسب اقدامات کرے گا۔

## حصہ سوم

## تربیت اور بیمہ

**۹۔ صحافیوں کی فلائی تنظیموں کا ادارہ:۔** (۱) ''صحافیوں کی فلائی اسکیم'' کے تحت اس حق کی مطابقت میں تربیت کے مناسب احکام اور بیمہ کی گارنٹی دی جائے گی۔

(۲) اس ایکٹ کی دفعہ ۹ کی ذیلی دفعہ (۱) کے تحت قائم کردہ، اسکیم کی ضروریات کی بجا آوری، میڈیا مالک کی ذمہ داری ہوگی۔

(۳) اس ایکٹ کے جدول اول کے تحت صحافیوں کی فلائی اسکیم کی کارروائی منضبط کی جائیں گی۔

(۴) صحافیوں کی فلائی اسکیم کو جامع تحریری، تحفظاتی حکمت عملی اور صحافیوں اور میڈیا پیشہ وران کے لیئے پروٹوکول تیار کرنے کے لئے میڈیا مالک مطلوب ہوگا۔

## حصہ چہارم

## تفتیش اور ازالہ

**۱۰۔ صحافیوں اور میڈیا پیشہ وران کو دھمکیاں دینے، جبر کرنے، تشدد اور گالی گلوچ کے علم کو تفتیش کرنے، قانونی کارروائی کرنے اور سزا دینے کے فرائض۔**

(۱) جہاں کوئی شخص صحافیوں اور میڈیا پیشہ وران کی سالمیت اور آزادی کو نقصان پہنچانے کی نیت کے ساتھ دھمکی دے، جبر، زبردستی، گالی گلوچ یا تشدد کا طریقہ استعمال کرنے کے عمل کی سازش کرے یا دھمکی، جبر، زبردستی، گالی گلوچ یا تشدد کرنے کے عمل میں امداد اور اعانت کرے تو ایسے عوامل کو کمیشن تک رپورٹ کیا جائے گا۔

(۲) کمیشن، تمام مذکورہ رپورٹوں کی غیر جانبدار، فوری، مکمل آزاد اور مؤثر تفتیش کے انعقاد سے ایسے افعال کے احتساب کے لئے، مناسب اقدامات کا اٹھانا یقینی بنائے گا۔

کمیشن ایک مشاورتی کمیٹی قائم کرے گا جو اس کا تعین کرے گا آیا کہ شکایت کو لینا چاہیے کہ نہیں۔

(۳) ایکٹ کی دفعہ ۱۰(۲) کے تحت مطلوب تفتیش کی پیروی کرتے ہوئے، کمیشن اس بات کو یقینی بنائے گا کہ تمام ارتکاب کنندہ گان کے خلاف قانونی کارروائی ہو اور بیک وقت یہ یقینی بنائے گا کہ متاثرہ صحافیوں کو مناسب اور مؤثر تدارک تک رسائی ہو:

مگر شرط یہ ہے کہ اگر صحافی قانونی امداد تک رسائی کی استعداد نہ رکھتا ہو تو کمیشن متاثرہ صحافی کا مقدمہ اتھارٹی کو بھجوائے گا جو کہ متاثرہ کو بلا معاوضہ قانونی امداد کی فراہمی یقینی بنائے گی۔

**۱۱۔ <u>ماموئیت کا مقابلہ کرنا۔</u>** (۱) کوئی دھمکی، جبر، غلط یا پرتشدد فعل، جس کا صحافیوں یا میڈیا پیشہ واران کے خلاف ارتکاب کیا گیا ہو، کو فی الفور اور مؤثر تفتیش اور قانونی کارروائی سے استثنیٰ نہ ہوگا۔

(۲) حکومت اس ایکٹ کی دفعہ ۱۱(۱) میں بیان کردہ میں مصروف لوگوں کے لئے ماموئیت کا مقابلہ کرنے کے لئے ایسی حکمت عملیوں کو فروغ دے گی اور اطلاق کرے گی، بالخصوص حسب ذیل کی نسبت،۔۔۔

(اول) صحافیوں، میڈیا کے پیشہ واروں ان کے خاندانوں یا سول سوسائٹی کی تنظیموں جو کہ صحافیوں کے تحفظ پر کام کر رہی ہیں کی جانب سے رپورٹ کردہ مقدمات میں نگرانی کر رہے ہوں

اور تفتیشوں کا انعقاد کر رہے ہوں؛

(دوم) متعلقہ حکومتی اتھارٹیز کے مابین پالیسی اور کارروائی میں ربط دہی پیدا کرنا؛

(سوم) صحافیوں، اور میڈیا کے پیشہ وروں اور یا ان کے خاندانوں کی شمولیت کو یقینی بنانے، ان کارروائیوں میں جن کا مقصد ان کا تحفظ اور سلامتی ہے۔

(۳) حکومت اقوام متحدہ کے صحافیوں کے تحفظ کے لئے کارروائی اور مامونیت کے معاملات پر فراہم کردہ بہترین طریقہ عمل کا اطلاق کرے گی۔

## حصہ پنجم

## صحافیوں اور میڈیا کے پیشہ وروں کے تحفظ کے لئے آزاد کمیشن کا قیام

### ۱۲۔ صحافیوں اور میڈیا کے پیشہ وروں کے تحفظ کے لئے کمیشن کا قیام۔

(۱) وفاقی حکومت ایک آزاد کمیشن قائم کرے گی کہ صحافیوں اور میڈیا پیشہ وروں (CPJ MP) کے نام سے موسوم ہوگا کہ وہ اس ایکٹ کے تحت حسب ذیل اختیارات استعمال کرے گا اور کارہائے منصبی انجام دے گا۔

(۲) کمیشن حسب ذیل پر مشتمل ہوگا:

(اول) ایک چیئر پرسن، جو کم از کم ۲۰ سال قابل فہم علم یا عملی تجربہ رکھتا ہو، ان امور میں جو قانون، انصاف اور انسانی حقوق سے متعلق ہیں؛

(دوم) چار ارکان، پاکستان کے ہر صوبے سے ایک رکن جن کی نامزدگی پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ (PFUJ) کرے؛

(سوم) ایک رکن جو نیشنل پریس کلب (NPC) کا نمائندہ ہو اور ہر ایک صوبائی پریس کلب سے ایک نمائندہ، جیسا کہ پریس کلب بالترتیب نامزد کرے؛

(چہارم) وزارت انسانی حقوق کا ایک نمائندہ جیسا کہ وزارت انسانی حقوق (بر بنائے عہدہ) نامزد کرے؛ اور

(۳) کمیشن کسی بھی شخص کو چن سکتی ہے جس کے پاس قابل فہم علم ہو یا صحافت سے متعلق بطور عملی تجربہ ہو۔

۱۳۔ **چیئر پرسن کا تقرر۔** (۱) وزارت انسانی حقوق، وزارت انفارمیشن اور براڈ کاسٹنگ کی مشاورت سے، پریس سے جج کے تقرر کے لئے تجاویز طلب کرسکتی ہے اور ماہرین کا پینل کمیشن کے چیئر پرسن کے تقرر کے لئے نامزد کرسکتی ہے اور درست جانچ پڑتال کے بعد، وفاقی حکومت کو تین اشخاص کی تقرری کے لئے فہرست پیش کرے گا۔

(۲) وفاقی حکومت وزارت انسانی حقوق کی جانب سے پیش کردہ ناموں میں سے چیئر پرسن کا تقرر کرے گی۔

۱۴۔ **چیئر پرسن اور ارکان کے عہدہ کی مدت۔** (۱) ایک شخص جس کا تقرر بطور چیئر پرسن یا رکن ہو تو وہ ابتدائی طور پر دو سالہ مدت کے لئے اس تاریخ سے جس پر وہ اپنے دفتر میں داخل ہوا اپنے عہدہ پر فائز رہے گا جو مزید دو سال تک قابل توسیع ہوگا:

مگر شرط یہ ہے کہ عہدہ میں توسیع ایک مرتبہ دی جائے گی۔

(۲) چیئر پرسن یا رکن اپنے عہدہ سے اپنی تحریر کے ذریعے صدر مملکت کو مخاطب کرتے ہوئے استعفیٰ دے سکتا ہے اور استعفیٰ قبول ہونے پر مذکورہ آسامی کو ۳۰ ایام کے اندر پُر کردیا جائے گا۔

۱۵۔ **چیئر پرسن اور ارکان کی برطرفی۔** وفاقی حکومت چیئر مین اور ارکان کو عہدے سے برطرف کرسکتی ہے اگر یہ پایا جائے کہ وہ:

(الف) بداطواری کا قصوروار ہے؛ یا

(ب) غیر تسلی بخش کارکردگی کا قصوروار ہو؛ یا

(ج) ذہنی یا جسمانی طور پر معذوری کے سبب بدستور عہدے پر رہنے کے لئے غیر موزوں ہوگیا ہے اور مجاز میڈیکل اتھارٹی نے اس طرح قرار دے دیا ہے؛ یا

(د) کسی ایسے جرم میں جس میں اخلاقی پستی جو دو سال کی مدت تک سزائے قید پر مستوجب ہو میں سزایافتہ ہوگیا ہو: مگر شرط یہ ہے کہ وفاقی حکومت درج بالا وجوع میں سے کسی بھی ایک پر چیئر پرسن یا ارکان کو برطرف کرسکتی ہے۔

۱۶۔ **ارکان بشمول چیئر پرسن کی ملازمت کی قیود و شرائط۔** قابل ادائیگی تنخواہیں اور مراعات اور ارکان کی ملازمت کی قیود و شرائط ایسی ہوں گی جیسا کہ وفاقی حکومت آزاد کمیشن کی مشاورت سے صراحت کرے:

مگر شرط یہ ہے کہ رکن کی نہ تو تنخواہ اور الاؤنسز نہ ہی ملازمت کے قیود و شرائط کا اس کی تقرری کے بعد عدم موافقت میں تبدیل کیا جا سکے گا۔

## حصہ ششم

## کمیشن کا انصرام اور طریقہ ہائے کار

۱۷۔ **آزاد کمیشن کے کارہائے منصبی۔** (۱) کمیشن حسب ذیل میں سے تمام یا کوئی بھی ایک کارہائے منصبی ادا کر سکے گا، یعنی:۔۔

(الف) متاثرہ صحافی، رپورٹر یا دیگر میڈیا پیشہ وروں یا ان کی جانب سے کسی شخص کی طرف سے پیش کردہ پٹیشن پر شکایات کی تفتیش کر سکتا ہے۔۔۔

(اول) دھمکی یا اذیت، قتل پرتشدد حملے جبری غائب کرنے، من مانی گرفتاری، من مانی نظر بندی یا حراستگی کے افعال ادا کرے؛ یا

(دوم) سرکاری ملازم کی جانب سے مذکورہ تشدد کی روک تھام میں غفلت پر جیسا کہ اس ایکٹ کے حصہ دوم میں درج فہرست ہے؛

(ب) وزارت انسانی حقوق کے توسط سے میڈیا کی آزادی اور تحفظ کی حالت پر سالانہ رپورٹ تیار کرنا اور پارلیمنٹ کے روبرو پیش کرنا اور کوئی بھی دیگر آزاد رپورٹس تیار کرنا، جب اور جہاں وزارت انسانی حقوق کو ضروری متصور ہو۔

(ج) اس بات کا تعین کرنا آیا کہ متاثرہ صحافی تاوان کا حقدار ہے اور متاثرہ صحافی اور اس کے قانونی وارثان کا اس صورت میں کہ اس کو مار دیا جائے تو ان کے ہرجہ کے مقدمہ کو، کسی بھی صوبائی تلافی فریم ورک کے تحت مشتہر کردہ افسر کو بھیجنا جسے وفاقی حکومت نے پہلے ہی قائم

کر دیا ہو۔

**۱۸۔ آزاد کمیشن کا طریقہ کار:۔** (۱) کمیشن اپنا طریقہ کار خود منضبط کرے گا۔

(۲) کمیشن کے تمام فیصلے، ہدایات اور احکامات کمیشن کے چیئر پرسن یا کمیشن کے کسی بھی دوسرے رکن جسے اس سلسلے میں چیئر پرسن مجاز کرے، کی جانب سے باضابطہ توثیق شدہ ہوں گے

(۳) کمیشن کے اجلاس کا قورم کمیشن کی کل رکنیت کے نصف سے کم نہ ہوگا۔

(۴) کمیشن اپنے فیصلے موجود ارکان کی اکثریتی نقطہ نظر کی مطابقت میں لے گا اور تعطل کی صورت میں، رکن جو اجلاس کی صدارت کر رہا ہو گا ووٹ حتمی ہوگا۔

**۱۹۔ شکایات کی انکوائری۔** کمیشن، صحافی میڈیا پروفیشنل یا صحافی یا میڈیا پرفیشنل کی جانب سے مجاز کردہ شخص کی شکایات پر انکوائری کرتے ہوئے، وفاقی حکومت، صوبائی حکومت، انٹیلی جنس ایجنسیاں یا کوئی بھی دیگر اتھارٹی یا تنظیم یا ان کے ماتحت کو، مذکورہ وقت کے اندر جیسا کہ اس کی جانب سے مقررہ ہو، طلب کر سکتا ہے۔

**۲۰ انکوائریز سے متعلق اختیارات:۔** (۱) کمیشن کو، جبکہ اس ایکٹ کے تحت شکایات کی انکوائری کر رہا ہو تو، مجموعہ ضابطہ دیوانی، ۱۹۰۸ء کے تحت نالش کی سماعت کرنے والی عدالت دیوانی کے حسب ذیل تمام اختیارات حسب ذیل معاملات کی نسبت، حاصل ہوں گے یعنی:۔

(الف) سمن دینا اور گواہان کی حاضری پر عملدرآمد کرانا اور حلف کے تحت ان کی جانچ کرنا؛

(ب) دستاویزات دریافت کرنا اور انہیں پیش کرنا؛

(ج) حلف ناموں پر شہادت وصول کرنا؛

(د) گواہان یا دستاویزات کے لیے کمیشنز جاری کرنا؛ اور

(ہ) کوئی بھی دیگر معاملہ کرنا جو کہ مقررہ ہو۔

(۲) کمیشن دیوانی عدالت متصور ہوگا اس حد تک جیسا کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) کی دفعات ۱۷۵، ۱۷۸، ۱۷۹، ۱۸۰ اور ۲۲۸ میں بیان کیا گیا ہے۔ اگر مذکورہ فہرستی جرائم میں سے کسی کا بھی ارتکاب کمیشن کے نقطہ نظر یا موجودگی میں کیا گیا ہو تو، کمیشن، جرم قائم کرنے والے حقائق اور ملزم کا بیان ریکارڈ کرنے کے بعد جیسا کہ مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ ۱۸۹۸ء) میں فراہم کیا گیا ہے، مقدمہ

اختیار سماعت رکھنے والے مجسٹریٹ کو اس کی سماعت کرنے کے لیے بھیجے گا اور مجسٹریٹ جس کے پاس ایسا کوئی مقدمہ بھیجا گیا ہو ملزم کے خلاف شکایت کی سماعت کرنے کے لیے کارروائی کرے گا جیسے کہ مقدمہ مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) کی فعہ ۳۴۶ کے تحت اسے بھیجا گیا ہو۔

(۳) کمیشن کے روبرو ہر کارروائی مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) کی دفعات ۱۹۳، ۱۹۶ اور ۲۲۸ کے مفہوم میں عدالت کارروائی متصور ہوگی۔

۲۱۔ **قانون ذمہ داری سے برات کی شق:۔** کوئی مقدمہ، استغاثہ یا دیگر قانونی کارروائی کمیشن کے اراکین یا اس کے افسران کے خلاف دائر نہیں ہوگا کسی بھی امر کی بابت جو اس نے سرکاری حیثیت میں کیا ہو جو کہ اس ایکٹ کے تحت یا قواعد، احکامات یا اس کے تحت وضع کردہ یا جاری کردہ ہدایات کے تحت نیک نیتی سے کیا ہو یا اس ارادے سے کیا ہو۔

۲۲۔ **ایکٹ کا اطلاق:۔** اس ایکٹ کے احکامات کی مسلح تنازعہ، اندرونی تنازعہ کے اوقات میں اور زمانہ امن کے دوران مساوی طور پر تعمیل کی جائے گی اور اسے نافذ کیا جائے گا۔

۲۳۔ **ازالہ مشکلات:۔** اگر اس ایکٹ کے کسی بھی احکامات کو موثر بنانے میں کوئی مشکل پیش آئے تو حکومت ایسا حکم وضع کر سکے گی جو اس ایکٹ کے احکامات سے متناقص نہ ہو، جیسا کہ مشکل دور کرنے کی غرض کے لیے، ضروری معلوم ہو۔

# جدول اول

## صحافیوں کی فلاح و بہبود اسکیم

### حصہ الف:۔ بیمہ کی ذمہ داری۔

(ا) میڈیا مالکان کی قانون ذمہ داری ہے کہ ہر صحافی یا میڈیا پیشہ ور کو زندگی اور صحت کے بیمہ کی کوریج فراہم کرے، مگر شرط یہ ہے کہ صحافی یا میڈیا پیشہ ور حسب ذیل کسی بھی معیار کو پورا کرتا ہو:

(الف) میڈیا ہاؤس کے ساتھ طویل مدتی معاہدہ (ایک سال سے زائد کسی بھی مدت کے لیے) رکھتا ہو؛

(ب) میڈیا ہاؤس کے ساتھ قلیل مدتی معاہدہ میں (ایک سال کے تحت کسی مدت کے لیے) شامل ہوتا ہو؛ یا

(ج) خطرناک مقام پر کام کرنے کے لیے ملازم رکھا گیا ہو یہاں تک کے جہاں معاہدہ موجود نہ ہو۔

### حصہ ب:۔ مناسب اور موثر تربیت فراہم کرنے کی ذمہ داری

(ا) ہر صحافی یا میڈیا پیشہ ور تاکیدی / لازمی حفاظتی تربیت تاکیدی تحریری پالیسیوں اور پروٹوکولز کی بنیاد پر حاصل کرے گا، اس میں میڈیا ہاؤس کے حفاظتی پروٹوکولز شامل ہیں:

(الف) بھرتی کے پہلے ماہ کے اندر؛ اور

(ب) کسی بھی مقام پر کسی بھی رپورٹنگ یا صحافتی کام میں مشغول ہونے سے پیشتر۔

(۲) اس جدول کے حصہ ب کی دفعہ (ا) میں مذکورہ حفاظتی تربیت میڈیا مالکان کی جانب سے بلا معاوضہ فراہم کی گئی ہو۔

(۳) خطرناک مقامات میں صحافیوں اور میڈیا پیشہ وروں کے لیے، تاکیدی تربیت میڈیا مالکان کی جانب سے بلا معاوضہ فراہم کرنی چاہیے تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جا سکے:

(الف) مخصوص مقام میں ان کے پیشہ کے ساتھ منسلک خطرات کی آگاہی ہو؛

(ب) حفاظتی قواعد اور ضوابط کو سمجھے ان کا لازم اطلاق بھی کرے؛

(ج) حسب ذیل علاقہ جات میں صحافیوں اور میڈیا پیشہ وروں کی موثر تعمیر استعداد کرنا؛

(اول) صحت اور ماحولیاتی خطرات کی تربیت (HEHT)؛

(دوم) گریزی، رکاوٹ اور بچ نکلنے کی تربیت (ADET)؛ اور

(سوم) اغواء اور کرائسز رسپونس کی تربیت (KCRT)۔

# بیان اغراض ووجوہ

صحافیوں کے تحفظ کی بابت کمیٹی نے اندازہ لگایا ہے کہ پاکستان میں ۱۹۹۲اور ۲۰۱۹ء کے درمیان کم از کم ۶۱ صحافی قتل ہوئے۔مزید برآں تشدد کے اقدامات جس کے نتیجے میں صحافی اور میڈیا پیشہ ور اپنی زندگی ہار گئے، یہ نہ صرف پاکستان میں بلکہ پورے گلوبل میں صحافیوں کو دھمکانے، ہراساں کرنے اور استبداد کرنے کے اقدامات پر مشتمل یکساں سنجیدہ مسئلہ ہے۔

پاکستان کے دستور، نیز ان بین الاقوامی قانونی وعدوں کی مطابقت میں ریاست پاکستان کی ذمہ داری ہے کہ اپنے علاقائی حدود کے اندر حق آزادی رائے کا تحفظ کرے۔صحافیوں، اور میڈیا پیشہ وروں کے حقوق کا تحفظ اور فروغ حق آزادی رائے کو تحفظ دینے میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے، درحقیقت، صحافیوں کی بین الاقوامی فیڈریشن میں زور دیا گیا ہے کہ "خودمختار، آزاد اور غیر جانبدار پریس کا کام جمہوری معاشرے کی بنیادی اصولوں میں سے ایک کو تشکیل دیتا ہے"۔

لہذا، اس لیئے یہ، فوری ضرورت ہے کہ صحافیوں، اور میڈیا پیشہ وروں کے خلاف دھمکیوں، جبر اور تشدد کے تمام اشکال کے بابت جواب دہی کو یقینی بنایا جائے۔اس سلسلے میں جواب دہی کو یقینی بنانا صحافیوں اور میڈیا پیشہ وروں کے خلاف مستقبل میں دھمکیوں اور ریا حملوں کی رکاوٹ یا تدارک کا ایک اضافی مقصد ہے، جو تن دہی سے تمام میڈیا پیشہ وروں اور تمام اشخاص کے حقوق کے خلاف ہونے والے ایسے افعال کی تفتیش کرے، قانونی کارروائی کرے اور سزا دہی کرے تاکہ وہ اپنے آزادی رائے اور اظہار کے حقوق سے لطف اندوز ہوسکیں۔

(ڈاکٹر شیریں ایم۔مزاری)